# Sydenham سے Bankstown تک ٹرین لائن کا اپ گریڈ
# Southwest Link بس سروسز




**Sydenham اور Bankstown کے درمیان سٹیشنز 12 مہینوں کے لیے بند ہیں تاکہ سڈنی میٹرو کی تعمیر مکمل کی جائے۔ اس عرصے میں Southwest Link کی بسیں Sydenham اور Bankstown کے درمیان چلنے والی ٹرینوں کی جگہ لیں گی۔**

## Southwest Link سے کیا مراد ہے؟

Southwest Link ایک خصوصی، بہت کم وقفوں سے چلنے والی بس سروس ہے جو Sydenham اور Bankstown ٹرین سٹیشنز کے درمیان یہ یقینی بنانے کے لیے چل رہی ہے کہ جس دوران T3 Bankstown Line کو میٹرو کے معیار پر لانے کا کام ہو رہا ہے، مسافروں کا سفر جاری رہے۔

**Southwest Link کی اہم خصوصیات یہ ہیں:**

- تین خصوصی بس روٹس
- روزانہ صبح سویرے سے لے کر رات دیر تک بہت کم وقفوں سے چلنے والی سروسز، اور کچھ روٹس پر زیادہ مصروف اوقات میں ہر دو سے چار منٹ بعد بسیں آئیں گی
- کچھ بسیں تمام سٹاپس پر رکیں گی اور کچھ بسیں صرف چند سٹاپس پر رکیں گی

Southwest Link ایک مربوط ٹرانسپورٹ پلان کا حصہ ہے۔

## مربوط ٹرانسپورٹ پلان سے کیا مراد ہے؟

مربوط ٹرانسپورٹ پلان سے مراد ٹرانسپورٹ کے وہ تمام متبادل انتظامات ہیں جو T3 Bankstown Line پر تبدیلیوں کے کام کے دوران مسافروں کو اپنی منزلوں تک پہنچنے کے لیے مہیا ہوں گے۔

مسافر ان سروسز کو استعمال کر سکتے ہیں:

- Southwest Link بسیں
- Sydenham پر مسافروں کو آتے ہی مل جانے والی میٹرو سروسز
- لوکل بسیں
- ٹرینیں
- لائٹ ریل
- سائیکل سواری اور پیدل چلنے کے راستے

## Southwest Link کب شروع ہو رہا ہے اور کتنا عرصہ چلے گا؟

Southwest Link بسیں 30 ستمبر 2024 کو چلنا شروع ہوئیں اور 12 مہینوں تک چلیں گی جب میٹرو کے لیے تبدیلیاں مکمل ہو جائیں گی۔

## Southwest Link بسوں پر مفت سفر

Southwest Link بسوں پر سفر اس عرصے میں تمام مسافروں کے لیے مفت ہے جب T3 Bankstown Line پر فائنل تبدیلیوں کا کام کیا جا رہا ہے۔

Bankstown کو Lidcombe سٹیشن سے ملانے والی نئی T6 ٹرین سروسز پر بھی کرایہ لگے گا۔

ملٹی موڈل ڈسکاؤنٹ اور ہفتہ وار ٹریول کیپ سمیت Opal کے دوسرے فوائد اب بھی لاگو رہیں گے۔

## کیا Southwest Link سروسز میں وہیل چیئر اور پرام کا چڑھنا ممکن ہو گا؟

ہاں۔ Southwest Link کے تمام روٹس پر نیچے فرش والی بسیں چلیں گی۔

چونکہ Southwest Link کے بس سٹاپ ہر سٹیشن کے قریب سڑکوں پر بنے ہوئے ہیں، وہیل چیئر یا پرام استعمال کرنے والے مسافروں کو پہلے سے پلان کر کے طے کرنا چاہیے کہ ان کے بس سٹاپ تک پہنچنے کا بہترین راستہ کونسا ہو گا۔

## کیا اپ گریڈ کے دوران میرے سفر میں لگنے والا وقت بڑھ جائے گا؟

ہاں۔ مسافروں کو اپ گریڈ کے عرصے میں Sydenham اور Bankstown کے درمیان سفر کے لیے زیادہ وقت رکھنا چاہیے۔

## Southwest Link پر سفر کی پلاننگ کیسے کی جا سکتی ہے؟

مسافر نئی Southwest Link سروسز پر سفر کی پلاننگ اور ٹرانسپورٹ کے دوسرےمناسب متبادل معلوم کرنے کے لیے transportnsw.info/trip دیکھ سکتے ہیں۔

# Sydenham سے Bankstown تک ٹرین لائن کا اپ گریڈ
# Southwest Link بس سروسز

## کیا Southwest Link کے دوران پارکنگ کے انتظامات میں تبدیلیاں ہوں گی؟

ہاں۔ متعلقہ ٹرین سٹیشنوں کے نزدیک پارکنگ میں تبدیلیاں ضروری ہوں گی تاکہ فائنل تبدیلیوں کے 12 ماہ پر محیط عرصے میں بسیں مستعدی سے چل سکیں۔

## کیا Southwest Link کی بسوں پر سائیکل ساتھ لائی جا سکتی ہے؟

Southwest Link کی بسوں پر سائیکل ساتھ نہیں لائی جا سکتی کیونکہ سائیکلوں کو اس طرح رکھنا مشکل ہے کہ دوسرے مسافروں کو زحمت نہ ہو یا ان کے لیے خطرہ نہ پیدا ہو۔

## Sydenham اور Bankstown کے درمیان T3 Bankstown Line کو کیوں اپ گریڈ کیا جا رہا ہے؟

Sydenham اور Bankstown کے درمیان T3 Bankstown Line کو میٹرو کے معیار پر لانے کے لیے اپ گریڈ کیا جا رہا ہے تاکہ 2025 سے تیز رفتار میٹرو پیسنجر سروسز چل سکیں۔

اپ گریڈ کا فائنل کام تبھی شروع ہو سکتا ہے جب Sydney Trains کی سروسز چلنی بند ہو جائیں۔ اس میں Bankstown Station پر Sydney Trains اور میٹرو سروسز کو الگ کرنے کے لیے تعمیراتی کام، مکمل سٹیشن اپ گریڈز، پلیٹ فارموں پر سکرین ڈورز لگانے، اوورہیڈ تاریں بچھانے، ٹریک الائنمنٹ کا فائنل کام، ٹرینوں کی ٹیسٹنگ اور ٹرینیں شروع کرنے کے کام شامل ہیں۔

## کیا فائنل تبدیلیوں کے عرصے میں ٹریفک کا ہجوم بڑھے گا؟

اس وقت Sydenham اور Bankstown کے درمیانی سبربز میں سڑکوں پر ٹریفک کا ہجوم ہوتا ہے، خاص طور پر زیادہ مصروف اوقات میں۔

Transport for NSW اس عارضی خلل کے دوران ٹریفک کو بہترین طور پر رواں رکھنے کے لیے ایکٹیو کاریڈور مینیجمنٹ کے طریقے عمل میں لائے گا۔ اس میں مصروف چوراہوں پر ٹریفک لائٹس کا بہترین استعمال اور Canterbury Road سمیت دوسرے اہم کاریڈورز پر ٹو ٹرکس کا استعمال شامل ہے۔

## Bankstown کے مغرب میں واقع ٹرین سٹیشنوں کے سلسلے میں کیا تبدیلیاں آ رہی ہیں؟

ایک نیا ٹائم ٹیبل شروع کیا جائے گا جو Bankstown کے مغربی علاقوں کے مسافروں کے لیے ٹرین سروسز کا استعمال جاری رکھنا یقینی بنائے گا۔

### T3 Liverpool & Inner West Line

پہلے جو ٹرین سروسز Liverpool اور City Circle کے درمیان براستہ Bankstown چلتی تھیں، وہ اب نئی T3 Liverpool & Inner West Line پر Sydney CBD تک براستہ Regents Park اور Lidcombe چل رہی ہیں۔ اس طرح، Regents Park، Berala، Chester Hill، Leightonfield، Villawood، Carramar اور Sefton سے Sydney CBD تک ڈائریکٹ سروس برقرار ہے۔

### T6 Lidcombe & Bankstown Line

Lidcombe اور Bankstown کے درمیان ایک نئی ٹرین سروس چل رہی ہے۔ مسافر اب Regents Park پر نئی T6 Lidcombe & Bankstown Line اور T3 Liverpool & Inner West Line کے درمیان انٹرچینج کر کے Liverpool، Sydney CBD یا Bankstown جانے والی سروسز لے سکتے ہیں۔ مزید تفصیلات طے پا جانے کے بعد Transport دوبارہ اطلاعات دے گا۔

### ٹرینوں کی جگہ لینے والی بسیں

فائنل تبدیلیوں کے عرصے میں Lidcombe اور Bankstown کے درمیان T6 Line پر بسیں ٹرینوں کی جگہ لے لیں گی تاکہ ٹریکس کے اپ گریڈز اور مینٹینس کا کام ہو سکے۔

## Erskineville اور St Peters کے مسافروں کے لیے کیا تبدیلیاں ہوئی ہیں؟

Erskineville اور St Peters کے مسافروں کو T8 Airport & South Line پر Sydney CBD تک جانے اور آنے والی ڈائریکٹ سروسز ملتی رہیں گی۔

## Southwest Link بس سروسز




## Southwest Link بس سروسز کتنے وقفوں سے چلیں گی

**ہر 2 سے 4 منٹ بعد**
زیادہ مصروف اوقات میں

**کم از کم ہر 10 منٹ بعد**
دن کا زیادہ تر حصہ


**کم از کم ہر 15 منٹ بعد**
رات کو دیر سے

سڈنی میٹرو کی تکمیل کی خاطر

NSW GOVERNMENT
Transport

# Sydenham سے Bankstown تک ٹرین لائن کا اپ گریڈ
# Southwest Link بس سروسز

## 30 ستمبر 2024 سے نیٹ ورک میں تبدیلیاں




## حالات سے آگاہ رہنے کا کیا طریقہ ہے؟

اپ گریڈ کے دوران Southwest Link اور ٹرانسپورٹ کے دوسرے مناسب ذرائع سے آگاہ رہنے اور بروقت اطلاعات لیتے رہنے کے لیے **transportnsw.info/southwestlink** دیکھیں۔

**سڈنی میٹرو کی تکمیل کی خاطر**

NSW GOVERNMENT

Transport